
بسم اللہ الرحمن الرحیم

# توسّل

مجموعۂ گلستان رضوی


تالیف: علیرضا خان‌زادہ
مترجم: سید مجاہدحسین عالی تقوی
نظر ثانی : ڈاکٹر حیدررضا ضابط
نقاش: سمیرا سادات شفیعی



امام رضا علیہ السلام کے عاشق اور محبّ ایران اور دوسرے ممالک میں کثیر تعداد میں موجود ہیں. اُن کی آرزو ہوتی ہے کہ مشہد الرضا جائیں اور امام رضا علیہ السلام کی نورانی بارگاہ کو نزدیک سے دیکھیں ان میں بعض ممکن ہے مریض ہوں۔ تو اِس بنا پر اپنے خداوند متعال سے عہد و پیمان کرتے ہیں کہ اگر اِن کو شفاء حاصل ہوگئی تو امام رضا علیہ السلام کی زیارت کو جائیں گے .









بہت سے لوگ اِس شہر کی مسافرت کرتے ہیں تا کہ امام رضا علیہ السلام کی ضریح مطہر کے پاس اللہ تعالیٰ سے گفتگو کریں. اور وہ خداوند سے چاہتے ہیں کہ اُن کی دعاؤں کو قبول کرے اور کامیاب زندگی گذارنے کی توفیق دے .


بہت سے لوگ ایسے ہیں جو سال بھر بہت محنت کرتے ہیں، حتی لذیز غذاؤں اور نئے لباسوں سے چشم پوشی کرتے ہیں تا کہ پیسے جمع کر کے مشہد مقدس کے لئے اپنے سفر کا سامان فراہم کریں .



بچّے بھی امام رضا علیہ السلام سے بہت محبت کرتے ہیں. وہ اپنے بزرگوں کے پاس اپنے پاک دِلوں سے دعا کرتے ہیں تا کہ خداوند جلدی سے اُن کی قسمت میں مشہد کا سفر لکھ دے .







خداوند، قرآن مجید، سورہ مائدہ آیت نمبر ۳۵ رمیں فرماتا ہے :

”یَا اَیُّهَاالَّذِینَ آمَنُوا اَتّقُوا اللّٰهَ وَ ابْتَغُوا اِلَیهِ الوَسِیلَةَ...“ "

وہ جو ایمان لائے ہیں، تقویٰ اختیار کریں اور خداوند کے تقرّب کے

لئے وسیلہ انتخاب کریں...

ائمہ معصومین علیہم السلام پاکیزہ انسان اور بے گناہ ہیں، اپنی جانوں کو فدا کر دیا تا کہ حقیقی اسلام ہمارے حوالے کریں
اِسی دلیل کی بناپر، دعا اور زیارت کے وقت خداوند کو آبرو محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ائمہ معصومین علیہم السلام کا واسطہ
دیتے ہیں تا کہ خداوند ہماری زیادہ مدد کرے .





ہمیشہ اور بالخصوص امام رضا علیہ السلام کی ضریح کے پاس اِس طرح دعا کریں:

''اَللّٰھُمَّ احفَظ والِدَیَّ'' خدایا میرے والدین کی حفاظت فرما!

'' اَللّٰھُمَّ اغفِر لِوالِدَیَّ'' خدایا میرے والدین کی بخشش فرما!

''اَللّٰھُمَّ اشفِ مَرضانا'' خدایا مریضوں کو شفا دے دے!

'' بحقِّ محمدٍ وَ آلِ محمدٍ'' محمد مصطفیٰؐ اور آپؐ کی آلؑ مطہر کے حق کا واسطہ ہے۔

